# Solution of Practice Question Paper 2020-21

## Class-X

Time: 3 Hrs. | Subject: Urdu-A (003) | M.M.:80

## (40) Part: A Reading Comprehension and Grammar MCQ

جواب نمبر1:- 1x5=5

(I) مکینک کس کام کے لیے پیسہ جمع کر رہا تھا؟

A. گھر خریدنے کے لیے

B. فیس جمع کرنے کے لیے

C. بہن کی شادی کے لیے ✓

D. بوڑھے فقیر کے لیے

(II) فقیر سے کس نے کہا کہ 'بابا رکو'؟

A. کار کے مالک نے

B. مکینک نے ✓

C. وکیل نے

D. ڈاکٹر نے

(III) کار کے مالک نے کہا کہ میں تو خود مہنگائی کا مارا ہوں۔

(IV) بوڑھے فقیر کو مکینک نے پچاس کا نوٹ دیا۔

(V) غریب مکینک کے بارے میں کار کے مالک نے سوچا کہ غریب ہونے کے باوجود بھی اس نے فقیر کی مدد کی۔

جواب نمبر2:- 1x5=5

(I) سب سے کس طرح بولنا چاہیے؟

A. میٹھا ✓

B. کڑوا

C. جھوٹ

D. تیز

(II) شاعر نے خوش مزاجی کو کیا بتایا ہے؟

A. تجارت

B. برائی

C. جادو ✓

D. عیب

(III) کامیابی کے لیے ہمیں محنت کرنی چاہیے۔

(IV) کٹھن منزل کو حاصل کرنے کے لیے ہمت ضروری ہے۔

(V) زمانے میں نکمّوں کو کبھی مراد نہیں مل سکتی ہے۔

جواب نمبر3:۔ 1x4=4

(I) عام طور پر اشعار میں قافیے کے بعد جو لفظ یا الفاظ دہرائے جاتے ہیں، انھیں کیا کہتے ہیں؟

A. قافیہ

B. ردیف ✓

C. مصرع

D. مقطع

(II) غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے ،اسے کیا کہتے ہیں؟

A. مقطع ✓

B. قافیہ

C. ردیف

D. مطلع

(III) حرفِ نشاط، حرفِ تاسف، یا حرفِ ندا یا حرفِ جوش و جذبے کو جس نشان کے ذریعے ظاہر کیا جاتا ہے، اس نشان کو کیا کہتے ہیں؟

A. فجائیہ نشان ✓

B. رابطہ

C. وقفہ

D. واوین

(IV) وہ نشان جو جملے کے ختم ہونے پر لگاتے ہیں اسے۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

A. فجائیہ نشان

B. رابطہ

C. وقفہ

D. ختمہ ✓

(V) کسی ایک لفظ یا فقرے کے بعد تھوڑا سا ٹھہرنے کے لیے جو علامت استعمال کی جاتی ہے، اسے۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

A. رابطہ

B. سکتہ ✓

C. وقفہ

D. واوین

جواب نمبر 4:۔ 1x4=4

(I) وہ فعل جو دو یا دو سے زیادہ افعال سے مل کر بنتا ہے، اسے۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں؟

A. فعلِ لازم

B. فعلِ مرکب ✓

C. فعلِ حال

D. فعلِ ماضی

(II) 'خدیجہ کل ممبئ جائے گی' اس جملے میں کون سا فعل ہے؟

A. فعل ناقص

B. فعلِ ماضی

C. فعلِ حال

D. فعلِ مستقبل ✓

(III) 'حامد آم کھاتا ہے' اس جملے میں کون سا فعل ہے؟

A. فعلِ ناقص

B. فعلِ مستقبل

C. فعلِ حال ✓

D. فعلِ ماضی

(IV)وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

A. فعل معروف

B. فعل مجہول ✓

C. فعل لازم

D. مفعول

(V)'بچے کل اسکول میں کھیل رہے تھے' اس جملے میں کون سا فعل ہے؟

A. فعل ناقص

B. فعلِ ماضی ✓

C. فعلِ حال

D. فعلِ مستقبل

جواب نمبر 5:۔ 1x4=4

(I)شعر میں کسی بات کا وہ سبب بیان کرنا جو حقیقت میں اس کا سبب نہ ہو، وہ کیا کہلاتا ہے؟

A. تشبیہ

B. حسن تعلیل ✓

C. تلمیح

D. استعارہ

(II) ہو عمر خضر بھی تو کہیں گے بوقت مرگ

ہم کیا رہے یہاں، ابھی آئے ابھی چلے

درج بالا شعر میں کون سی صنعت ہے؟

A. صنعت تضاد

B. تشبیہ

C. استعارہ

D. تلمیح ✓

(III) آبادی بھی دیکھے ہیں اور ویرانے بھی دیکھے ہیں

جو اجڑے اور پھر نہ بسے، دل وہ نرالی بستی ہے

درج بالا شعر میں کون سی صنعت ہے؟

A. صنعت تضاد ✓

B. تشبیہ

C. استعارہ

D. تلمیح

(IV)مشبّہ کسے کہتے ہیں؟

A. جس چیز کی تشبیہ دی جائے ✓

B. جس چیز سے تشبیہ دی جائے

C. جس وجہ سے تشبیہ دی جائے

D. وہ لفظ یا حرف جو تشبیہ ظاہر کرے

(V)وہ لفظ جو اپنے اصلی معنی کے بجائے مجازی معنی میں استعمال کیا جائے اور دونوں معنوں میں تشبیہ کا تعلق ہو اسے۔۔۔۔کہتے ہیں۔

A. کنایہ

B. حسن تعلیل

C. صنعت تضاد

D. استعارہ ✓

جواب نمبر 6:۔ 1x4=4

(I)کار میں بیٹھ کر اسلم ہوا سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

A. لڑنے لگا

B. کھیلنے لگا

C. باتیں کرنے لگا ✓

D. جھولنے لگا

(II) تم کس کھیت۔۔۔۔۔۔

A. کی فصل ہو

B. کی مولی ہو ✓

C. کے بیگن ہو

D. کے چاول ہو

(III) خدا کی لاٹھی میں۔۔۔۔۔۔

A. آواز ہوتی ہے

B. آواز نہیں ہوتی ہے ✓

C. چمک نہیں ہوتی ہے

D. لچک نہیں ہوتی ہے

(IV) امتحان میں کامیاب ہو کر زاہد نے اپنے والد کا نام۔۔۔۔۔۔

A. روشن کر دیا ✓

B. مٹا دیا

C. لکھ دیا

D. برباد کر دیا

(V) صحیح محاورہ ہے۔

A. جان میں جان آنا ✓

B. جان میں شان آنا

C. جان میں مان آنا

D. آن میں جان آنا

جواب نمبر 7:۔ 1x4=4

(I) مخلوط کا مطلب ہے۔

A. تنہا

B. شاندار

C. ملا جلا ✓

D. عزّت

(II) قمر کا مترادف ہے۔

A. آسمان

B. گھر

C. چاند ✓

D. سورج

(III) لڑائی کا متضاد ہے؟

A. خاموشی

B. شور

C. جنگ

D. صلح ✓

(IV)صفات کا واحد ہے۔

A. صفحہ

B. صفحات

C. صفت ✓

D. تصوف

جواب نمبر8:- 1x5=5

(I) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

A. بھولا ✓

B. نیا قانون

C. آزمائش

D. عورتوں کے حقوق

(II) بھولا اچک کر کس کی گود میں جا بیٹھا؟

A. ماموں کی

B. باباجی کی

C. ماں کی ✓

D. ابّو کی

(III) بھولا یہ بات نہیں سمجھ پارہا تھا کہ ایک شخص کس طرح ایک ہی وقت میں کسی کا بھائی اور کسی کا ماموں ہو سکتا ہے۔

(IV) بھولا کس کا شوقین تھا؟

A. کھیل کا

B. گھومنے کا

C. کھانے کا

D. کہانیوں کا ✓

(V) بھولا کس سے گیتا سننے کی ضد کرنے لگا؟

A. ماموں سے

B. بابا سے

C. استاد سے

D. ماں سے ✓

یا

(I) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

A. سرسید کا بچپن

B. بھولا

C. نیا قانون ✓

D. مخلوط زبان

(II) کہاں کے گورے منگو کو ستایا کرتے تھے؟

A. چھاونی کے ✓

B. ہوئی اڈے کے

C. جیل کے

D. دفتر کے

(III) منگو کو کس کا رنگ بالکل پسند نہیں تھا؟

A. کپڑے کا

B. اسکول کا

C. گھوڑے کا

D. انگریزوں کا ✓

(IV) منگو کو کس سے بڑی نفرت تھی؟

A. انگریزوں سے ✓

B. مزدوروں سے

C. وکیلوں سے

D. کوچوان سے

(V) حقّے کے کش کون لگاتا تھا؟

A. منگو ✓

B. انگریز

C. وکیل

D. دفتری

جواب نمبر9:- 1x5=5

(I) درج بالا شعری حصّے کے شاعر کون ہیں؟

A. جوشؔ ملیح آبادی

B. اکبرؔ الٰہ آبادی ✓

C. علامہ اقبالؔ

D. اخترؔ شیرانی

(II) شاعر نے اس نظم میں جمنا جی کسے کہا ہے؟

A. جامن کے پیڑ کو

B. جمنا ندی کو ✓

C. دیوی کو

D. رانی کو

(III) شاعر نے دہلی میں جا کر جمنا ندی کے صاف ستھرے گھاٹ، بینڈ بجانے والوں، حضرت ڈیوک اور سنگینوں وغیرہ کو دیکھا۔

(IV) سنگین لفظ کا واحد ہے سنگینیں۔

(V) 'سر میں شوق کا سودا دیکھا' سے مراد ہے دل میں اٹھنے والی خواہش۔

**یا**

(I) درج بالا اشعار کے خالق کون ہیں؟

A. میر انیسؔ

B. فانیؔ بدایونی ✓

C. فراقؔ گورکھپوری

D. اکبرؔ الٰہ آبادی

(II) شاعر نے دل کو کیسی بستی کہا ہے۔

A. مشکل

B. پیچیدہ

C. نرالی ✓

D. پرانی

(III)ایک نظر کے بدلے میں جان سی شے بک جاتی ہے۔

(IV) آبادی لفظ کا متضاد ہے ویرانا۔

(V) شاعر نے اپنے محبوب کے بغیر جگ کو سوُنا بتایا ہے۔

## (40) Part: B Writing Skill

جواب نمبر10 :۔ مضمون لکھتے ہوئے اس عنوان سے متعلق تمام اہم نکات کو ضرور شامل کریں اور زبان وبیان، درست املا اور مواد کی وغیرہ کا ترتیب کا خاص خیال رکھیں۔ 6

**جواب نمبر11:۔** **5**

### **درخواست**

بخدمت جناب پرنسپل صاحب

گورنمنٹ بوائز سینئر سیکنڈری اسکول

دہلی،110025

**موضوع:** دوست کے یہاں شادی میں شرکت کے لیے چھٹی کی درخواست

جنابِ عالی

عرض خدمت یہ ہے کہ میرے دوست کے گھر پر شادی ہے اور مجھے اس شادی میں ہر حال میں شرکت کرنی ہے اس لیے آپ سے درخواست ہے کہ مجھے اس شادی میں شرکت کے لیے دو دن کی چھٹّی دینے کی زحمت گوارا کریں اس کے لیے میں سدا آپ کا مشکور و ممنون رہوں گا۔

شکریہ

آپ کا فرماں بردار

زاہد

جماعت: دہم(اے)

رول نمبر28

# یا
# خط

H/255

دوسری منزل

دریاگنج،دہلی

110002

یکم اپریل2020

میرے پیارے دوست

السلام علیکم

کچھ روز قبل آپ کا خط ملا۔اسے پڑھ کر بڑی خوشی ہوئی۔میں یہاں خیریت سے ہوں اور امید کرتا آپ سب بھی خیریت سے ہوں گے۔کورونا کے خطرے کو دیکھتے ہوئے حکومت نے اسکولوں کو بند کرر کھا ہے اس لیے آج کل تمام تعلیمی سرگرمیاں آن لائن چل رہی ہیں اور اس کے ذریعے ہمارے اساتذہ خوب محنت اور لگن سے پڑھا رہے ہیں اور میں بھی پوری لگن اور ایمان داری سے پڑھائی میں مصروف ہوں۔امتحانات بہت قریب ہیں اس لیے محنت کچھ زیادہ کرنی پڑرہی ہے۔ہمارے اساتذہ پڑھائی میں ہم سب کی مدد کے لیے ہر وقت تیار رہتے ہیں۔ آپ میرے لیے بالکل بھی فکر مند نہ ہوں۔گھر کے سبھی بڑوں کو سلام اور چھوٹوں کو پیار۔

آپ کا دوست

جاوید

جواب نمبر12:۔

5

## درخواست

بخدمت جناب پرنسپل صاحب

گورنمنٹ بوائز سینئر سیکنڈری اسکول

دہلی، 110025

**موضوع:** اسکول کی لائبریری میں اردو رسالہ منگوانے کے لیے درخواست

جنابِ عالی

عرض خدمت یہ ہے کہ میں آپ کے اسکول میں دسویں جماعت کا طالب علم ہوں۔ ہمارے اسکول میں تعلیم کا ماحول بہت اچھا ہے۔ یہاں کی لائبریری بہت اچھی ہے اس میں بہت سے اخبارات اور رسائل ہر وقت موجود ہوتے ہیں جس سے سبھی طلبا خوب مستفید ہوتے ہیں لیکن بہت تلاش کرنے بعد بھی لائبریری میں اردو کا ایک بھی رسالہ نہیں ملا۔ اس لیے لائبریری میں اگر ایک اردو کا رسالہ بھی دستیاب ہو جائے تو میں اور میری طرح اسکول کے بہت سے طلبا اس سے بھی مستفید ہو سکیں گے۔

لہٰذا آپ سے درخواست ہے کہ کم سے کم اردو کا ایک رسالہ ضرور جاری کرانے کی زحمت گوارا کریں۔ اس کے لیے میں آپ کا بے حد مشکور و ممنون رہوں گا۔

شکریہ

آپ کا فرماں بردار

ساجد

جماعت: دہم (اے)

رول نمبر 25

**یا**

**درخواست**

بخدمت جناب پرنسپل صاحب

گورنمنٹ بوائز سینئر سیکنڈری اسکول

دہلی، 110025

**موضوع:** اسکول میں کرکٹ کی سرگرمیوں کو دوبارہ شروع کرنے کے لیے درخواست

جنابِ عالی

عرض خدمت یہ ہے کہ میں آپ کے اسکول میں دسویں جماعت کا طالب علم ہوں ۔ ہمارے اسکول میں تعلیم کا ماحول بہت اچھاہے۔ہمارے سبھی ساتھی خوب محنت سے پڑھائی کرتے ہیں لیکن پڑھائی کے ساتھ ساتھ کھیل بھی ضروری ہے اس لیے اسکول کے میدان میں ہم سب کا پسندیدہ کھیل کرکٹ اگر دوبارہ شروع کرادیاجائے توہم سبھی کے لیے بہت اچھارہے گا۔

لٰہذاآپ سے گزارش ہے کہ اسکول میں کرکٹ کی سرگرمیوں کو دوبارہ شروع کرانے کی زحمت کریں۔آپ کی عین نوازش ہو گی۔

شکریہ

آپ کا فرماں بردار

اسرار احمد

جماعت: دہم

رول نمبر 25

جواب نمبر 13: نظم کا مرکزی خیال لکھتے ہوئے زبان وبیان، درست املااور مواد کی ترتیب وغیرہ کا خاص خیال رکھیں۔ 5

جواب نمبر 14: افسانہ کا خلاصہ تحریر کرتے ہوئے زبان وبیان، درست املااور مواد کی ترتیب وغیرہ کا خاص خیال رکھیں۔ 5

جواب نمبر 15:۔درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب 25 سے 30 لفظوں میں لکھیے۔ 2x4=8

I. مایااپنے بیٹے سے بے پناہ پیار کرتی ہے اور دوسری طرف اپنے سسر اور اپنے بھائی سے بھی بے پناہ پیار کرتی ہے۔ اسی کو دیکھ کر راجندر سنگھ بیدی نے کہاہے کہ 'عورت کا دل محبت کا سمندر ہوتا ہے'۔

II. سرسید کا کہتے تھے کہ گاؤں میں جاکر وہاں کے جنگلوں میں گھومنا پھرنا، تازہ اور عمدہ دودھ دہی اور گھی کھانااور جاٹنیوں کے ہاتھ کی پکی ہوئی باجرے کی روٹیاں کھاناخوب مزہ دیتاہے۔

III. اسلام میں عورت کواپنی شادی کے معاملات میں بھرپور اختیارات حاصل ہیں ،والد کی دولت میں بھی اس کو حقوق حاصل ہیں اور تعلیم حاصل کرنے کی پوری آزادی میسر ہے غرض کہ مردوں کی طرح عورتوں کو بھی تجارت کرنے اور ترقی کرنے کی پوری آزادی ہے۔

IV. منگو کوچوان کواڈّے پر عقل مند سمجھاجاتا تھا کیوں کہ وہ دنیا کے بارے میں بہت کچھ جانتا تھااور اس کی وسیع معلومات سے وہاں کے لوگ اچھی طرح واقف تھے۔

V. اس رباعی میں کھو، ہو اور رو قافیے استعمال ہوئے ہیں۔

VI. اس شعر میں 'نایاب ہیں ہم' سے شاعر کی مراد ہے کہ میں جن عادات واطوار کا مالک ہوں اور جس پائے کا شاعر ہوں اس طرح کا شخص ملکوں ملکوں ڈھونڈنے کے باوجود بھی آپ کو نہیں ملے گا۔

VII. ماحول بچانا ہر شہری کی ذمہ داری ہے یہ کام صرف سائنس دانوں کا نہیں ہے حالاں کہ یہ عام اور تصور ہے کہ ماحول بچانے کی ذمہ داری صرف اور صرف سائنسدانوں کی ہے۔

VIII. گاندھی جی کا اعتراف نامہ پڑھ کر ان کے والد رونے لگے اور کچھ دیر کے بعد اسے پھاڑ کر پھینک دیا اس کے بعد نہ صرف ان کو معاف کر دیا بلکہ ان سے اور بھی محبت کرنے لگے۔

جواب نمبر 16:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف دو سوالوں کے جواب 40 سے 50 لفظوں میں لکھیے۔ 3x2=6

I. گلی ڈنڈا بہت ہی سستا اور آسان کھیل ہے دوسرے کھیلوں کی طرح اس میں نہ تو زیادہ سامان کی ضرورت ہوتی ہے اور نہ ہی زیادہ افراد کی۔ کسی بھی درخت کی چھوٹی سی لکڑی سے گلی ڈنڈا بنا کر دو لوگ اس کھیل کو بڑی آسانی سے شروع کر سکتے ہیں اس لیے پریم چند نے اسے کھیلوں کا راجہ کہا ہے۔

II. اپنے دادا جی کا ہاتھ سر پر رکھ کر چلنے کی سلطان کی عادت تھی۔ دادا جی کے انتقال کے بعد ان کی کمی کو وہ بڑی شدت سے محسوس کرتا تھا۔ اسی احساس کو کم کرنے کے لیے سلطان نے بابو جی سے اپنے سر کے اوپر ہاتھ رکھ کر تھوڑی دور چلنے کی درخواست کی۔

III. ہمیں لاپرواہی چھوڑ کر وقت سے پہلے اپنی گاڑیوں اور کارخانوں کو معیار کے مطابق درست کر لینا چاہیے اور ہمیں یہ چاہیے کہ زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں اور دوسروں کو اس جانب راغب بھی کریں۔

IV. ہٹّے کٹّے فقیر کو دیکھ کر مصنف کو بہت غصّہ آیا اس کا دل چاہا کہ وہ جائے اور اس ہٹّے کٹّے فقیر کا منہ نوچ لے۔